39181 ـ استعمال شدہ سونے کو نیا کر کے فروخت کرنا

سوال

بعض دوکاندار صاف ستھر استعمال شدہ سونا خریدتے اور اسے صاف کر کے نئے ریٹ پر فروخت کرتے ہیں، کیا ایسا کرنا جائز ہے، یا کہ خریدار کو بتانا ضروری ہے کہ یہ پرانا اور استعمال کردہ ہے، یا کہ لازم نہیں اس لیے کہ بعض خریدار سوال نہیں کرتے آیا یہ نیا ہے یا استعمال شدہ ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس پر واجب ہے کہ اسے نصیحت کی جائے، اور وہ بھی اسی چیز کو پسند کرے جو چیز اپنے لیے پسند کرتا ہے، یہ معلوم ہونا چاہیے کہ اگر کوئی شخص آپ کو تھوڑی سی استعمال کردہ چیز فروخت کرے جس پر استعمال کا کوئی اثر بھی نہ ہو، اور وہ اسے نئی چیز بنا کر آپ کو فروخت کر دے، تو آپ اس کی جانب سے اسے دھوکہ اور فراڈ شمار کرینگے، تو اگر آپ اس پر راضی نہیں ہوتے کہ لوگ آپ کے ساتھ ایسا کریں تو پھر آپ اسے اپنے لیے کیسے جائز اور مباح قرار دیتے ہیں کہ ایسا کسی دوسرے کے ساتھ کریں ؟!

اس بنا پر انسان کے لیے ایسا فعل کرنا جائز نہیں، حتی کہ وہ خریدار کو یہ واضح طور پر بتا دے کہ یہ استعمال کردہ ہے اور زیادہ استعمال نہیں ہوا بلکہ تھوڑا سا استعمال کیا گیا ہے.

واللہ اعلم .